کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ فرزندِ کشمیر
کوئٹہ
راولاکوٹ
بانی: محمد شوکت

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

جلد 18 | اتوار | 06 ستمبر 2026ء | 23 ربیع اول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 466

# نئے انتظامی یونٹس کا فیصلہ کسی حکومت کا نہیں عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے، محسن نقوی

انتظامی ڈھانچے کو ری سیٹ کرنے کا مطلب نظام کو توڑنا نہیں بلکہ جہاں خرابی ہے اسے درست کرنا ہے ، وفاقی وزیر داخلہ

## سب آئین کی پاسداری کا حلف اٹھا چکے ہیں، کسی صورت غیر آئینی اقدام نہیں ہونے دیں گے، قومی پالیسی مکالمے سے خطاب

لاہور( این این آئی)وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ نئے انتظامی یونٹس بنانے یا نہ بنانے کا فیصلہ کسی ایک شخص، حکومت یا سیاسی جماعت کی مرضی سے نہیں بلکہ عوام کی خواہش اور آئینی طریق کار کے مطابق ہونا چاہیے، پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر انتظامی ڈھانچے پر از سر نو غور کی ضرورت ہے تاہم کوئی بھی اقدام آئین سے ماورا نہیں ہوگا، کسی نے ہمیں یہ اختیار نہیں دیا کہ ہم کسی بھی طریقے سے کوئی غیر آئینی اقدام کریں، ہم سب آئین کی پاسداری کا حلف اٹھا چکے ہیں اور کسی صورت غیر آئینی اقدام نہیں ہونے دیں گے، تاہم آئین کے اندر رہتے ہوئے ہمارے پاس بہت سے اختیارات موجود ہیں۔لاہور میں قومی پالیسی مکالمے سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ(بقیہ 2صفحہ 3پر)



لاہور، وزیراعظم شہباز شریف ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں محمد اورنگزیب، رانا تنویر حسین اور دیگر بھی موجود ہیں

## دہشت گرد عناصر ہماری بچیوں کے مستقبل کو تباہی اور تشدد سے جوڑنا چاہتے ہیں، میر سرفراز بگٹی

## حکومت بلوچستان ان کے مستقبل کو تعلیم، ہنر، روزگار اور خوشحالی سے جوڑنے کے لیے کوشاں ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ(این این آئی)وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ویمن انٹرپینورشپ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت 600 خواتین کی تربیت مکمل ہونا خوش آئند اور صوبے میں خواتین کی معاشی خودمختاری کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ حکومت بلوچستان خواتین کو تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروباری مواقع فراہم کرکے انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے (بقیہ 5 3صفحہ 3پر)

## اگر ہم خدمتِ خلق اور سخاوت کے جذبے کو فروغ دیں تو شدید غربت میں کمی لائی جاسکتی ہے، گورنر بلوچستان

## صوبے کے تمام مخیّر حضرات، فلاحی اداروں، رضا کاروں اور خدمتِ خلق کے جذبے سے سرشار سماجی کارکنوں کی کوششیں لائق تحسین ہیں، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ(این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا عالمی چیریٹی ڈے کے موقع پر کہنا کہ صوبے کے تمام مخیّر حضرات، فلاحی اداروں، رضا کاروں اور خدمتِ خلق کے جذبے سے سرشار سماجی کارکنوں کی کوششیں لائق تحسین ہیں۔ بے سہارا بچوں، غریبوں اور بیواؤں کی زندگیوں میں آسانیاں پیدا کرنے میں ان کا کردار کلیدی ہے۔ اگرچہ عوام کی فلاح و بہبود اور ان کے عزت و وقار کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں حکومت اپنی آئینی و اخلاقی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے تعلیم، صحت، سماجی بہبود اور عوامی فلاح کے شعبوں (بقیہ 3 8صفحہ 3پر)

## خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے حکومت بلوچستان کا انقلابی پروگرام، 600 خواتین کی تربیت مکمل

کوئٹہ(این این آئی) خواتین کی معاشی خودمختاری اور انہیں باعزت (بقیہ 4صفحہ 3پر)

## بلوچستان میں کینسر کے کیسز میں غیر معمولی اضافہ، نئی تحقیق میں اہم انکشافات

## بلوچستان میں 16 ہزار 342 بائیوپسی نمونوں کا جائزہ لیا گیا، 5 ہزار 145 نمونوں میں کینسر کی تصدیق ہوئی

اسلام آباد(این این آئی) بلوچستان میں کینسر کے کیسز میں اضافے سے متعلق نئی تحقیق میں اہم انکشافات سامنے آئے ہیں۔ آغا خان ہسپتال اور آریا انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کوئٹہ کے ماہرین کی مشترکہ تحقیق میں بلوچستان سے حاصل کیے گئے 16 ہزار 342 بائیوپسی نمونوں کا جائزہ لیا گیا۔تحقیق کے مطابق ان نمونوں میں سے 5 ہزار (بقیہ 3صفحہ 3پر)

## حکمران عوامی مسائل کے بجائے لندن پر زیادہ فوکس کیے ہوئے ہیں، حافظ نعیم

## پیر کو حکومت سے مذاکرات کا باقاعدہ آغاز ہوگا، دھرنے اور بات چیت ساتھ ساتھ چلے گی، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد(این این آئی)امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکمران عوامی مسائل کے بجائے لندن پر زیادہ فوکس کیے ہوئے ہیں، پیر سے حکومت اور ہمارے درمیان مذاکرات کا باقاعدہ آغاز ہوگا، دھرنے اور بات چیت ساتھ ساتھ چلے گی، پیٹرولیم ایوی کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے کوئی تعلق نہیں، عالمی منڈی میں تیل مہنگا ہو رہا ہے تو ایوی ختم کریں۔

## اسکلز ڈویلپمنٹ اور مسابقت میں اضافے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں، شہباز شریف

## وزیراعظم شہباز شریف کی ملکی معیشت کو تقویت دینے کے لیے اصلاحات پر ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کی ٹیم کی پزیرائی

لاہور(این این آئی)وزیراعظم شہباز شریف نے ملکی معیشت کو تقویت دینے کے لیے اصلاحات پر ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کی ٹیم کی پزیرائی کرتے ہوئے کہا ہے کہ 3 ارب روپے کا رسک پول بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس تک رسائی کو وسعت دیتا ہے،اس فیصلے سے کاروباری برادری کو برآمدات کا حجم بڑھانے میں سہولت ملے گی، یہ ملک میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے فروغ کیلئے انتہائی خوش آئند اقدام ہے۔وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم نے ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ اور ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کیلئے برآمدی انشورنس کوریج فراہم کرنے کا خیرمقدم کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ 3 ارب روپے کا رسک پول بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کے لیے ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس تک رسائی کو وسعت دیتا ہے،اس فیصلے سے کاروباری برادری کو برآمدات کا حجم (بقیہ 3 6صفحہ 3پر)



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی میں اظہار خیال کررہے ہیں

## 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا وہ دن ہے جو ہمیں اپنی مسلح افواج اور قوم کے ان عظیم سپوتوں کی بے مثال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے

# پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی کا ہر قیمت پر دفاع کریں گے، سرفراز بگٹی

پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی کا ہر قیمت پر دفاع کریں گے اور ملک کو ترقی، خوشحالی اور امن کی منزل کی جانب لے جانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ وزیراعلیٰ نے شہداء کے درجات کی بلندی، غازیوں کی سلامتی اور پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے دعا بھی کی

## آج کے دور میں دفاعِ وطن کا تقاضا صرف سرحدوں کی حفاظت تک محدود نہیں بلکہ قومی اتحاد، معاشی استحکام، تعلیم، ترقی اور امن کے فروغ سے بھی جڑا ہوا ہے۔ ایک مضبوط، مستحکم اور خوشحال پاکستان ہی ہماری آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ(این این آئی)وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا وہ دن ہے جو ہمیں اپنی مسلح افواج اور قوم کے ان عظیم سپوتوں کی بے مثال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے مادر وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ 1965ء کی جنگ میں پاک فوج کے افسران اور جوانوں نے غیر معمولی بہادری اور عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا۔ قوم آج بھی شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے جنہوں نے وطن کی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے تاریخ رقم کی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی دفاعی تاریخ قربانی، شجاعت اور قومی یکجہتی کی روشن مثالوں سے عبارت ہے۔ ملک کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء قوم کے محسن ہیں اور پوری قوم ان کے خاندانوں کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں دفاع وطن کا تقاضا صرف (بقیہ 1صفحہ 3پر)



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی میں اظہار خیال کررہے ہیں

## بلوچستان کے عوام کا امن، خوشحالی اور فلاح ریاستی کوششوں کا مرکز ہے، سید عاصم منیر

## قیام امن اور پائیدار معاشی سرگرمیوں و ترقی کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیگر ریاستی اداروں کے درمیان مسلسل رابطہ کاری ضروری ہے، چیف آف آرمی اسٹاف

کوئٹہ(این این آئی) چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کا امن، خوشحالی اور فلاح ریاستی کوششوں کا مرکز ہے، قیام امن اور پائیدار معاشی سرگرمیوں و ترقی کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیگر ریاستی اداروں کے درمیان مسلسل رابطہ کاری ضروری ہے۔آئی ایس پی آر کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کوئٹہ گیریژن کا دورہ کیا جہاں انہوں نے فیلڈ فارمیشنز کے کمانڈرز اور کمانڈنگ افسران سے ملاقات کی۔دورے کے دوران چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز کو بلوچستان کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال، آپریشنل تیاریوں اور صوبے میں امن و استحکام کے لیے جاری اقدامات پر جامع بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بلوچستان میں امن و استحکام برقرار رکھنے، قانون نافذ کرنے والے اداروں (بقیہ 1 4صفحہ 3پر)

## برآمد و درآمد کنندگان کیلئے بحری آسان خدمت مرکز قائم کریں گے، جنید انوار چوہدری

## کاروباری افراد کو مختلف دفاتر کے چکر لگائے بغیر بندرگاہوں سے متعلق متعدد خدمات دستیاب ہوں گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے برآمد و درآمد کنندگان کو بندرگاہ سے متعلق تمام خدمات ایک ہی چھت تلے فراہم کرنے کیلئے بحری آسان خدمت مرکز قائم کریں قائم کرنے کی تجویز دی ہے۔انہوں نے یہ تجویز بندرگاہوں سے متعلق مختلف منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دی۔

## سردار ایاز صادق کا یومِ دفاع کے موقع پر 1965ء کی جنگ کے شہداء اور غازیوں کو خراجِ عقیدت

## پاکستان، ترکی اور سعودی عرب کے درمیان کمبہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ باہمی دفاعی تعاون، علاقائی سلامتی اور امن کے عزم کا مظہر ہے، پیغام

اسلام آباد(این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے 1965ء کی جنگ کے شہداء اور غازیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 1965ء کی جنگ میں پاک افواج کے بہادر جوانوں نے مادرِ وطن کے دفاع کے لیے لازوال قربانیاں پیش کیں(بقیہ 8صفحہ 3پر)

## 15 صوبے بنانے کا حکومتی فیصلہ غلط ہے، مولانا فضل الرحمان

## پیپلز پارٹی اور تحریک انصاف سے بات چیت کررہے ہیں، اسمبلی میں مشترکہ لائحہ عمل بنائیں گے، سربراہ جے یو آئی

خانیوال(این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ 15 صوبے بنانے کا حکومتی فیصلہ غلط ہے، پیپلز پارٹی اور تحریک انصاف سے بات چیت کررہے ہیں، اسمبلی میں مشترکہ لائحہ عمل بنائیں گے۔ علامہ اکرام القادری کی عیادت کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پاکستان کے آئین کا مذاق بنایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ 2 صوبے جل رہے ہیں، حکومت نئے صوبوں کی بات کررہی ہے، حکومت عوامی اعتماد مکمل طور پر کھو چکی ہے، 15 صوبے بنانے کا حکومتی فیصلہ غلط ہے قبل ازیں(بقیہ 9 3صفحہ 3پر)

## یومِ دفاع وشہداء ہمیں قومی یکجہتی اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، میر ظہور بلیدی

کوئٹہ(این این آئی) صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے 6 ستمبر یوم دفاع وشہداء کے موقع پر اپنے پیغام میں پاکستان کے بہادر شہداء، غازیوں اور مسلح افواج کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 6 ستمبر (بقیہ 6صفحہ 3پر)

## اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، سفارتی روابط اور خارجہ پالیسی کی ترجیحات کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد(این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پاکستان کے سفارتی روابط، حالیہ دوروں کے دوران (بقیہ 7صفحہ 3پر)

## پبلک سروس کمیشن میرٹ پر تمام آسامیوں کو جلد پُر کریں، پارٹی بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے تحت تحصیلدار اور دیگر آسامیوں کی بھرتی کے عمل کی روک تھام

## ٹیسٹ ڈاٹر ویلوز میں تاخیری حربے اور امیدواروں و نوجوانوں میں شدید تحفظات پر سخت تشویش کا اظہار کرتی ہے

کوئٹہ(این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں صوبے میں پبلک سروس کمیشن کے تحت تحصیلداروں کی بھرتی کے عمل کی روک تھام، امیدواروں اور نوجوانوں میں شدید تحفظات پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حکومت میرٹ پائمال کرنے کے ناروا اقدامات سے گریز کرے اور حقیقی کامیاب امیدواروں کے انٹرویوز کے مرحلے کو مکمل کرکے حقدار امیدواروں کی میرٹ کے تحت تعیناتی یقینی بنائیں۔

## بلوچستان کی وحدت، شناخت اور سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، نعیم بلوچ

کوئٹہ(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی رخشان ڈویژن کے صدر نعیم بلوچ نے بلوچستان کی وحدت، شناخت اور جغرافیائی سالمیت کے حوالے سے اپنے دوٹوک مؤقف کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان محض ایک انتظامی اکائی نہیں بلکہ ہماری تاریخ، ثقافت، شناخت، روایات اور اجتماعی وجود کی علامت ہے۔ بلوچستان کو کسی بھی صورت تقسیم کرنے کی کوشش قبول نہیں کی جائے گی اور صوبے کی وحدت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا۔نعیم بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ اپنے حقوق کے لیے جمہوری، آئینی اور سیاسی جدوجہد کی ہے۔(بقیہ 5صفحہ 3پر)

## 6 ستمبر 1965 ہماری دفاعی تاریخ کا یادگار دن ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، نسیم الرحمٰن ملاخیل

کوئٹہ(این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محکمہ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا ہے کہ 6 ستمبر 1965 ہماری دفاعی تاریخ کا یادگار دن ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ 6 ستمبر کو پاکستانی فوج نے نہ صرف مادر وطن کا دفاع کیا بلکہ دنیا کو یہ واضح پیغام دیا کہ پاکستان ہر قسم کی جارحیت کو شکست دینے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے۔

## برآمد کنندگان پر سپر ٹیکس ختم، 50 کروڑ سے زائد آمدن پر سپر ٹیکس کم کرکے 8 فیصد کردیا، بلال اظہر کیانی

## دکانداروں کیلئے آؤٹ آف دی باکس حل دیا گیا، تنخواہ دار طبقے کے ٹیکس میں کمی کی گئی

لاہور( این این آئی)وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات اور ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ حکومت نے کاروباری افراد، برآمد کنندگان، ملازمت پیشہ افراد اور چھوٹے تاجروں کو ریلیف دینے کے لیے ٹیکس نظام میں اہم تبدیلیاں کی ہیں۔حکومت ایف بی آر کو زیادہ شفاف، کاروبار دوست اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی ادارہ بنانے کے لیے بھی کام کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ برآمد کنندگان اور سالانہ 15 کروڑ سے 50 کروڑ روپے تک آمدن والے کاروباروں پر سپر ٹیکس مکمل طور پر ختم کردیا گیا ہے، جبکہ 50 کروڑ روپے سے زیادہ آمدن والی کمپنیوں کے لیے سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد سے کم کرکے 8 فیصد کردی گئی ہے۔ برآمد کنندگان کے لیے برآمدی آمدن پر ٹیکس کی کٹوتی بھی 2 فیصد سے کم کرکے 1.25 فیصد کر دی گئی ہے۔بلال اظہر کیانی نے کہا کہ ایف بی آر میں نیا ٹیکس نظام بھی متعارف کرایا جا رہا ہے جس میں آڈٹ اور ٹیکس اسیسمنٹ کا نظام مرکزی اور بغیر براہِ راست رابطے کے ہوگا۔اس کا مقصد افسران کے صوابدیدی (بقیہ 9صفحہ 3پر)

## یومِ دفاع ہماری قومی تاریخ کا ایک ناقابلِ فراموش دن ہے، کوہیار خان ڈومکی

## جب پاک فوج کے بہادر جوانوں نے دشمن کی جارحیت کا ڈٹ کر مقابلہ کرتے ہوئے وطن عزیز کے دفاع کی عظیم مثال قائم کی

کوئٹہ(این این آئی) صوبائی وزیر انڈسٹریز چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے 6 ستمبر یومِ دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یومِ دفاع ہماری قومی تاریخ کا ایک ناقابلِ فراموش دن ہے، جب پاک فوج کے بہادر جوانوں نے دشمن کی جارحیت کا ڈٹ کر مقابلہ کرتے ہوئے وطن عزیز کے دفاع کی عظیم مثال قائم کی۔انہوں نے کہا کہ شہداء اور (بقیہ 1 1صفحہ 3پر)

## اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس

## وفاقی حکومت کے بھرتی کے قواعد وضوابط / بھرتی کی پالیسی سے متعلق رپورٹ کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم کی جانب سے وفاقی حکومت کے بھرتی کے قواعد وضوابط / بھرتی کی پالیسی سے متعلق رپورٹ کا جائزہ لینے کے لیے قائم کمیٹی کا اجلاس (بقیہ 10صفحہ 3پر)

## نوجوان کسی بھی ملک کا سب سے قیمتی سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہوتے ہیں، سید ال خان ناصر

## سیرتِ نبویؐ ہمارے لیے مکمل ضابطہ حیات، نوجوانوں کے مسائل کا حل اسلامی تعلیمات اور سیرتِ طیبہ میں مضمر ہے، قائم مقام چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ+اسلام آباد(این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سید ال خان ناصر نے کہا ہے کہ سیرتِ نبویؐ ہمارے لیے مکمل ضابطہ حیات اور دنیا و آخرت میں کامیابی کا حقیقی راستہ ہے عصرِ حاضر میں نوجوانوں کو درپیش تعلیمی، معاشی اور سماجی چیلنجز کا پائیدار حل اسلامی تعلیمات اور سیرتِ طیبہ کی روشنی میں تلاش کیا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے احمد اسلامک یونیورسٹی کے شعبہ علوم اسلامیہ کے زیر اہتمام دوسری بین الاقوامی سیرت کانفرنس 2026ء کے اسلام آباد سیشن سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس کا موضوع "عصرِ حاضر میں نوجوانوں کو درپیش تعلیمی، معاشی اور سماجی چیلنجز اور سیرتِ طیبہ کی روشنی میں ان کا حل" تھا۔قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ کی سیرتِ مبارکہ پوری انسانیت کے لیے رحمت، امن، محبت، مساوات، عدل اور رواداری کا مکمل نمونہ ہے دنیا نے (بقیہ 4 0صفحہ 3پر)



اسلام آباد، امیر جماعت اسلام پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کررہے ہیں


## 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے بعد پی ٹی آئی 2 سال پیچھے چلی جائیگی، رانا ثناءاللہ


## پی ٹی آئی والے ہمیشہ ضرورت سے زیادہ پراعتماد ہوتے ہیں

لاہور( این این آئی)وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو 9 مئی کے معاملے پر بھی بہت زیادہ اعتماد تھا اور اتنا اعتماد تھا کہ بڑی غلطی کر بیٹھے، 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے بعد پی ٹی آئی 2 سال پیچھے چلی جائے گی، پی ٹی آئی والے ہمیشہ ضرورت سے زیادہ پراعتماد ہوتے ہیں، ایسے اعتماد کو حماقت بھی کہا جاتا ہے اور اس کے بعد یہ اپنا نقصان کروا بیٹھتے ہیں۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والے بھڑک تو مار دیتے ہیں مگر بعد میں ہوتا کچھ نہیں ہے، سیاست میں بعض اوقات چوکے چھکے نقصان بھی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی یونٹس اور نئے صوبے دونوں الگ الگ چیزیں ہیں، صوبوں سے متعلق بل آخر پارلیمنٹ میں ہی آنا ہے۔ پارٹی میں صوبوں سے متعلق بحث ہوگی تو اکثریت سے موقف اپنایا جائے گا۔

## ڈاکٹر عائشہ فیض کی گرفتاری عدم برداشت اور مطلق العنانیت کی آخری حد ہے

کوئٹہ(این این آئی) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے بلوچستان کے سینیئر ترین سیاستدان قلات اسٹیٹ نیشنل پارٹی کے رہنما بزرگ سیاستدان مرحوم ملک فیض محمد یوسفزئی کی صاحبزادی ریٹائرڈ پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ فیض کی ایک پریس کانفرنس کو جواز بنا کر انسداد دہشتگردی کے دفعات کے تحت مقدمہ درج کرکے گرفتاری کی شدید(بقیہ 1 2صفحہ 3پر)








## آصف علی زرداری

صدر
اسلامی جمہوریہ پاکستان




## محمد شہباز شریف

وزیرِ اعظم
اسلامی جمہوریہ پاکستان



## اسحاق ڈار

نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خارجہ
اسلامی جمہوریہ پاکستان



## خواجہ محمد آصف

وزیرِ دفاع
اسلامی جمہوریہ پاکستان



## فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

نشانِ امتیاز (ملٹری) ہلالِ جرات
چیف آف آرمی سٹاف، چیف آف ڈیفنس فورسز



## ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو

نشانِ امتیاز (ملٹری) ہلالِ جرات
چیف آف ایئر سٹاف



## ایڈمرل نوید اشرف

نشانِ امتیاز (ملٹری)، تمغہ بسالت
چیف آف نیول سٹاف



## جنرل سید عامر رضا

نشانِ امتیاز (ملٹری) ستارہ بسالت
کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ

# دفاعِ پاکستان کی کہانی تاریخی حقائق کی زبانی



### ستمبر 1965 چونڈہ بارڈر

دوسری جنگِ عظیم کے بعد ٹینکوں کا سب سے بڑا معرکہ۔ پاک آرمی کے فرسٹ آرمڈ ڈویژن اور جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر دشمن کے ٹینکوں کو تباہ کیا۔



### ستمبر 1965 پی آر پی نہر

میجر عزیز بھٹی شہید نے چند جوانوں کے ساتھ مسلسل پانچ دن تک دشمن کی پوری بریگیڈ کو پیش قدمی سے روکے رکھا اور جامِ شہادت نوش کیا۔



### ستمبر 1965 کھیم کرن

پاک فوج دشمن کے علاقے میں داخل ہوئی، اہم شہر کھیم کرن پر قبضہ کیا اور وہاں سبز ہلالی پرچم لہرایا۔



### دسمبر 1971

اہم ترین اسٹریٹجک مقام پر میجر شبیر شریف شہید نے دشمن کو پسپائی پر مجبور کیا اور دستی بم سے دشمن کا ٹینک تباہ جبکہ ایک اعلیٰ فوجی افسر کو واصلِ جہنم کیا۔



### سیاچن 20000 فٹ کی بلندی

منفی 50 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت، آکسیجن کی کمی اور برف پوش گلیشیئرز کے باوجود پاک فوج کے جوانوں نے ارضِ پاک کا دفاع یقینی بنایا۔



### ستمبر 1965 آپریشن دوارکا

پاک بحریہ کے جوانوں نے صرف 22 منٹ میں 50 سے زائد ٹیلز داغ کر دوارکا میں دشمن کے اہم فضائی ریڈار اسٹیشن اور تنصیبات کو تباہ کر دیا۔



### دسمبر 1971

دوسری جنگِ عظیم کے بعد بحری تاریخ کا سب سے بڑا واقعہ۔ پاک بحریہ کی پی این ایس ہنگور آبدوز نے دشمن کے INS Khukri کو غرق کیا جبکہ INS Kirpan کو شدید نقصان پہنچا کر پسپائی پر مجبور کر دیا۔



### ستمبر 1965

53 سیکنڈز میں دشمن کے 5 جنگی طیاروں کا تباہ کرنے کا ناقابلِ شکست عالمی ریکارڈ۔ مجموعی طور پر 7 طیارے مکمل تباہ کیے جبکہ 2 جنگی طیاروں کو شدید نقصان پہنچایا۔




### مئی 1999 کارگل

دشمن کے 2 جنگی طیارے تباہ کیے گئے۔ اسی معرکے میں دشمن کا Mi-17 جنگی ہیلی کاپٹر بھی تباہ کیا گیا۔




### فروری 2019

دشمن کے MiG-21 Bison سمیت دو جنگی طیارے تباہ کیے گئے اور پائلٹ ونگ کمانڈر ابھینندن کو زندہ گرفتار کیا گیا۔




### مئی 2025 معرکہ حق

دشمن کے 6 جدید جنگی طیارے، بشمول رافیل، تباہ کیے گئے۔



6 ستمبر وطنِ عزیز کے دفاع اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے مسلح افواج کی بے مثال بہادری، عظیم قربانیوں اور لازوال ثابت قدمی کو یاد رکھنے کا دن۔

ارضِ پاک کا دفاع کرنے والے
ہر شہید، ہر غازی، ہر محافظ کو سلام

(1)

سرحدوں کی حفاظت تک محدود نہیں بلکہ قومی اتحاد، معاشی استحکام، تعلیم، ترقی اور امن کے فروغ سے بھی جڑا ہوا ہے۔ ایک مضبوط، معتصم اور خوشحال پاکستان ہی ہماری آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے بھی ہمیشہ پاکستان کی سلامتی اور استحکام کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ صوبے کے شہداء نے ملک کے دفاع اور امن کے قیام کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور ان کی قربانیاں قومی تاریخ کا ناقابل فراموش حصہ ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھی ہماری سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دے گی اور امن واستحکام کے لیے متحد ہو کر آگے بڑھے گی۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع ہمیں یہ عہد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم قومی یکجہتی کو مضبوط کریں گے، پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی کا ہر قیمت پر دفاع کریں گے اور ملک کو ترقی، خوشحالی اور امن کی منزل کی جانب لے جانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ وزیراعلیٰ نے شہداء کے درجات کی بلندی، غازیوں کی سلامتی اور پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے دعا بھی کی۔

(2)

پاکستان کے عوام نئے انتظامی یونٹس چاہتے ہیں تو یہ بننے چاہئیں اور اگر عوام نہیں چاہتے تو انہیں مسلط نہیں کیا جانا چاہیے، یہ فیصلہ نہ کسی ایک شخص کا ہے، نہ حکومت کا اور نہ کسی ایک سیاسی جماعت کا، عوام کی رائے کو مقدم رکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو وجود میں آئے 79 برس ہو چکے ہیں اور اس دوران آبادی میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے، جس طرح ایک خاندان کے افراد بڑھنے کے بعد ایک گھر کے بجائے دو، چار یا آٹھ گھروں میں منتقل ہو جاتے ہیں، اسی طرح بڑھتی آبادی کے ساتھ انتظامی ضروریات بھی تبدیل ہوتی ہیں۔ اگر ہم حصیلیں اور اضلاع بنا سکتے ہیں تو نئے انتظامی یونٹس کے قیام پر بھی غور کیا جا سکتا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ آج بنیادی سوال یہ ہے کہ حکومت عوام کو کیا دے رہی ہے، تعلیم، صحت، صاف پانی اور انصاف جیسی بنیادی سہولتیں ہر شہری کا حق ہیں، لیکن 79 برس بعد بھی تقریباً ڈھائی کروڑ بچے اسکول نہیں جا سکے، ہر 10 میں سے چار بچوں کو مناسب خوراک میسر نہیں اور صرف 55 فیصد پاکستانیوں کو صاف پانی دستیاب ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتوں میں آج بھی تقریباً 20 لاکھ مقدمات زیر التوا ہیں اور لوگ انصاف کے حصول کے لیے دھکے کھا رہے ہیں، یہ کسی ایک حکومت کی کارکردگی کا نتیجہ نہیں بلکہ 79 برس کا مجموعی نتیجہ ہے، یہ وہ حقائق ہیں جنہیں سرکاری طور پر بھی تسلیم کیا جاتا ہے اور جن پر قابو پانے کے لیے مسلسل کوششیں جاری ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ آج بھی والدین اپنے بچوں کی تعلیم، صحت اور انصاف کے لیے اسی طرح متفکر ہیں جیسے 79 برس پہلے ان کے آباؤ اجداد انتظار کرتے تھے، ہمیں صرف ماضی کی بات نہیں کرنی بلکہ یہ دیکھنا ہوگا کہ موجودہ مسل اور آنے والی نسل ہم سے کیا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان آج ہم سے بنیادی طور پر روزگار اور میرٹ کے مواقع مانگ رہے ہیں۔ ان کا سوال ہے کہ یونیورسٹی سے تعلیم مکمل کرنے کے بعد روزگار کہاں ہے، ملازمت کے مواقع دستیاب ہیں تو کیا وہ میرٹ پر ہیں اور کیا ان کے اپنے علاقے میں انہیں آگے بڑھنے کے مواقع مل رہے ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ انتظامی ڈھانچے کو ری سیٹ کرنے کا مطلب نظام کو توڑنا نہیں بلکہ جہاں خرابی ہے اسے درست کرنا ہے تاکہ حکومتی نظام کا اثر عام آدمی تک پہنچ سکے، یہ عمل آئین، جمہوری اصولوں، سیاسی اتفاق رائے اور عوام کی خواہش کے مطابق آگے بڑھنا چاہیے۔

(3)

1455 میں کینسر کی تصدیق ہوئی۔ کینسر کے مریضوں میں 52 فیصد مرد جبکہ 48 فیصد خواتین شامل ہیں۔ تحقیق کے مطابق بلوچستان کے مردوں میں غذائی نالی کا کینسر سب سے زیادہ رپورٹ ہوا۔ بالغ مردوں میں غذائی نالی کے کینسر کے 425 کیسز سامنے آئے، جو بالغ مردوں کے مجموعی کینسر کیسز کا 17.4 فیصد ہیں۔ مردوں میں معدے کا کینسر 351 کیسز کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا، جبکہ بڑی آنت، ریکٹم اور مقعد کے کینسر کے 225 کیسز رپورٹ ہوئے۔ تحقیق میں مثانے کے کینسر کے 223 کیسز بھی سامنے آئے۔ تحقیق کے مطابق بلوچستان میں مردوں میں غذائی نالی کا کینسر منہ کے کینسر سے تقریباً چار گنا زیادہ پایا گیا، جو دیگر علاقوں کے مقابلے میں ایک مختلف رجحان ہے۔ قومی اور دیگر علاقائی اعداد وشمار میں عام طور پر مردوں میں منہ کا کینسر زیادہ عام رپورٹ ہوتا ہے۔ تحقیق کے مطابق بلوچستان کی خواتین میں بریسٹ کینسر سب سے زیادہ عام کینسر قرار پایا۔ خواتین میں بریسٹ کینسر کے 526 کیسز رپورٹ ہوئے۔ خواتین میں غذائی نالی کا کینسر 434 کیسز کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا، جبکہ بڑی آنت، ریکٹم اور مقعد کے کینسر کے 125 کیسز سامنے آئے۔ اسی طرح خواتین میں منہ کے کینسر کے 113 کیسز بھی رپورٹ ہوئے۔ تحقیق میں بتایا گیا کہ کینسر کے مجموعی کیسز میں بچوں اور نوعمروں کا حصہ 7 فیصد رہا۔ اس عمر کے گروپ میں دماغی رسولیاں نمایاں تعداد میں رپورٹ ہوئیں۔ تحقیق نے بلوچستان میں کینسر کے مختلف رجحانات کے ممکنہ عوامل کا بھی جائزہ لیا۔ تحقیق کے مطابق حفوظ، نمکین اور خشک غذاں کا زیادہ استعمال ممکنہ خطرات میں شامل ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ تازہ پھلوں اور سبزیوں کا کم استعمال، ماحولیاتی عوامل اور افیون کا استعمال بھی ممکنہ عوامل کے طور پر سامنے آئے ہیں تاہم تحقیق نے واضح کیا ہے کہ یہ عوامل کینسر کی حتمی وجوہات ثابت نہیں ہوئے اور ان کے کردار کی مزید تحقیق ضروری ہے۔ تحقیق میں پاکستان میں جامع قومی کینسر رجسٹری کی کمی کی بھی نشاندہی کی گئی ہے، جس کے باعث ملک اور بالخصوص بلوچستان میں کینسر کے حقیقی پھیلاو اور رجحانات کا مکمل جائزہ لینے میں مشکلات پیش آتی ہیں۔ تحقیق نے بلوچستان میں کینسر کے بہتر ریکارڈ مرتب کرنے اور مزید تحقیق کی سفارش کی ہے۔ تحقیق میں بیسٹیکل، ریڈیولوجیکل اور پیتھالوجی ڈیٹا کو یکجا کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے تاکہ بلوچستان میں کینسر کے رجحانات، ممکنہ خطرات اور علاج سے متعلق زیادہ جامع معلومات حاصل کی جاسکیں۔

(4)

روزگار کے مواقع فراہم کرنے کی جانب حکومت بلوچستان نے ایک اور اہم قدم اٹھاتے ہوئے ویمن انٹرپوپورشپ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت صوبے بھر کی 600 خواتین کی تربیت مکمل کرلی ہے، جبکہ تربیت حاصل کرنے والی 100 خواتین نے مکمل طور پر اپنے کاروبار شروع کردیئے ہیں محکمہ ترقی نسواں بلوچستان کے زیر اہتمام ویمن انٹرپوپورشپ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت کاروباری سرگرمیوں کا آغاز کرنے والی خواتین میں معاونتی چیکس بھی تقسیم کیے گئے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر رباب خان بلیدی نے 100 خواتین کو کاروبار شروع کرنے کے لیے فی کس 2 لاکھ روپے کے چیکس دیے، جس کے تحت خواتین کو مجموعی طور پر 2 کروڑ روپے کی مالی معاونت فراہم کی گئی اس موقع پر ڈاکٹر رباب خان بلیدی نے کہا کہ ویمن انٹرپوپورشپ ڈویلپمنٹ پروگرام بلوچستان میں خواتین کی معاشی خودمختاری کے نئے دور کا آغاز ہے اور یہ پروگرام وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کی جانب اہم پیش رفت ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ کے پہلے جامع ویمن انٹرپوپورشپ پروگرام سے 600 خواتین مستفید ہوئی ہیں، جبکہ عملی کاروباری دنیا میں قدم رکھنے والی 100 خواتین کو مالی معاونت فراہم کی گئی ہے تاکہ وہ اپنے کاروبار شروع کرکے اپنے خاندانوں کے معاشی استحکام میں کردار ادا کرسکیں۔ مشیر ترقی نسواں نے کہا کہ حکومت بلوچستان خواتین کو صرف ہنرمند بنانے تک محدود نہیں بلکہ انہیں ہنر کو کاروبار میں تبدیل کرنے کے لیے ضروری وسائل اور مواقع بھی فراہم کررہی ہے۔ خواتین کی معاشی خودمختاری سے نہ صرف گھرانے مضبوط ہوں گے بلکہ صوبے کی مقامی معیشت کو بھی فروغ ملے گا ڈاکٹر رباب خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کے حقیقی نمائندے ہیں یا مقتدرہ کے چوکیدار۔ عوام نے انہیں اپنے ووٹ کے ذریعے اسمبلی میں بھیجا ہے، لہٰذا اب ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ کسی دباؤ یا مصلحت سے بالاتر ہو کر بلوچستان کے عوام کی آواز بنیں اور صوبے کی وحدت کے تحفظ کے لیے کھل اور واضح کردار ادا کریں۔ نعیم بلوچ نے کہا کہ سیاسی اختلافات جمہوریت کا حسن ہیں، لیکن بلوچستان کی وحدت، شناخت اور اجتماعی مفاد ایسے معاملات ہیں جن پر پوری قوم کو متحد ہونا چاہیے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ بلوچستان کی وحدت پر کسی قسم کا کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔ بلوچستان کے مسائل کا حل تقسیم نہیں بلکہ اتحاد، انصاف، جمہوریت، ترقی، سیاسی مکالمے اور عوام کے اعتماد کی بحالی ہے۔ بلوچستان ایک ہے، بلوچستان ہماری شناخت ہے اور اس کی وحدت وسلامیت کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

(6)

ہماری قومی تاریخ کا ایک یادگار دن ہے، جو ہمیں وطن عزیز کے دفاع کے لیے دی جانے والی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں اور قوم کے سپوتوں نے ملک کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ شہداء کی قربانیاں ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں اور پوری قوم اپنے ان عظیم ہیروز کو ہمیشہ عقیدت واحترام سے یاد رکھے گی۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ پاکستان کی مضبوطی اور ترقی کے لیے قومی اتحاد، یکجہتی اور ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہمیں شہداء کے جذبہ حب الوطنی کو اپناتے ہوئے ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان سمیت پورا پاکستان اپنے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتا ہے۔ ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ وطن عزیز کی سلامتی، امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے متحد ہو کر جدوجہد جاری رکھیں گیا نہوں نے یوم دفاع وشہداء کے موقع پر شہداء کے اہلِ خانہ سے بھی یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو بھی فراموش نہیں کرے گی۔ پاکستان کے شہداء اور غازیوں کو سلام، پاکستان ہمیشہ قائم ودائم رہے۔

(7)

طے پانے والی مفاہمت پر پیش رفت اور خارجہ پالیسی کی ترجیحات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں پاکستان کی خارجہ پالیسی کی ترجیحات، حالیہ سفارتی روابط کے اہم نتائج اور آئندہ سفارتی سرگرمیوں کی تیاریوں پر غور کیا گیا۔ نائب وزیراعظم وسے خارجہ اسحاق ڈار نے اجلاس کو بریفنگ دی۔ اجلاس میں فریق نہیں بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے کو قانونی طور پر چیلنج کیا جائے گا۔ سماج وادی پارٹی کی رکن پارلیمنٹ اقرا حسن نے مسجد کے انہدام کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اگر تمام فیصلے صرف اور صرف حکومت کی خواہش پر ہونے ہیں تو پھر امن وامان یا عدالتی نظام کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اقرا حسن کو سہارنپور جانے سے روکنے کے لئے ان کی گیرانہ کی رہائش گاہ پر نظر بند کر دیا گیا۔ اقرا حسن نے صحافیوں کو بتایا کہ رات بھر ان کے گھر کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات رہی اور انہیں سہارنپور جانے سے روک دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت میں عوامی نمائندے عوام کی آواز بلند کرنے کے لیے منتخب کیے جاتے ہیں، مجھے روک کر اس آواز کو دبایا نہیں جا سکتا۔ بہوجن سماج پارٹی (بی ایس پی) کی سربراہ مایاوتی نے مساجد کو منہدم کرنے کی اتر پردیش حکومت کی مہم پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کو اسے فوری طور پر روکنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یہ آئینی اور سیکولر حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ تمام مذاہب کے لوگوں کا احترام کرے اور ان کے مذہبی مقامات کی حفاظت کرے۔

(14)

غازیوں کی شجاعت اور پوری قوم کے جذب؟ حب الوطنی کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1965ء کی جنگ میں افواج پاکستان نے بے مثال بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے عزائم ناکام بنائے، جبکہ قوم نے اتحاد اور عزم کے ساتھ اپنی افواج کا بھرپور ساتھ دیا۔ شہداء کی قربانیاں ہمیں قومی اتحاد، ملی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے متحد رہنے کا درس دیتی ہیں۔ مسعود نے کہا کہ ہمارے لوگ رات بھر جاگتے رہے، ہم حکام سے رابطہ کرنے کی کوشش کرتے رہے۔ تمام معلومات فراہم کرنے کے باوجود نہ صرف مسجد کو منہدم کیا گیا بلکہ آئین کی کھلی خلاف ورزی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ وقف بورڈ کو کارروائی میں فریق نہیں بنایا گیا۔ خاموشی، مصلحت یا مبہم بیانات اب کافی نہیں ہوں گے۔ بلوچستان کے عوام اپنے منتخب نمائندوں سے واضح جواب چاہتے ہیں۔ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی قیادت اور حکومتِ بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کی وحدت کے حوالے سے اپنا واضح اور دوٹوک مؤقف سامنے لایا جائے اور سندھ اسمبلی کی طرز پر بلوچستان اسمبلی میں بھی ایک متفقہ قرارداد پیش کی جائے، جس میں بلوچستان کی وحدت، سلامیت اور موجودہ جغرافیائی حیثیت کے تحفظ کا واضح اعادہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں قرارداد محض ایک رسمی کارروائی نہیں ہونی چاہیے بلکہ یہ بلوچستان کے منتخب نمائندوں کی جانب سے صوبے کے عوام کے ساتھ ایک واضح سیاسی عہد ہونا چاہیے کہ بلوچستان کی وحدت، شناخت اور سلامیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ نعیم بلوچ نے کہا کہ رخشان ڈویژن سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع، علاقے اور خطے بلوچستان کی اجتماعی شناخت کا حصہ ہیں۔ بلوچستان کے عوام کو ایک دوسرے سے جدا کرنے یا صوبے کو مختلف حصوں میں تقسیم کرنے کی سوچ کسی صورت صوبے کے وسیع تر مفاد میں نہیں۔ انہوں نے بلوچستان کی تمام سیاسی جماعتوں، اراکین پارلیمنٹ، وکلا، دانشوروں، قبائلی وسیاسی عمائدین، سول سوسائٹی اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ بلوچستان کی وحدت اور شناخت کے معاملے پر سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر مشترکہ آواز بلند کریں۔ نعیم بلوچ نے کہا کہ سیاسی اختلافات جمہوریت کا حسن ہیں، لیکن بلوچستان کی وحدت، شناخت اور اجتماعی مفاد ایسے معاملات ہیں جن پر پوری قوم کو متحد ہونا چاہیے۔ انہوں نے دوٹوک مؤقف پیش کرنا چاہیے۔ خاموشی، مصلحت یا مبہم بیانات اب کافی نہیں ہوں گے۔ بلوچستان کے عوام اپنے منتخب نمائندوں سے واضح جواب چاہتے ہیں۔ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی قیادت اور حکومتِ بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کی وحدت کے حوالے سے اپنا واضح

## یوم دفاع ،صدر، وزیراعظم کا مسلح افواج کے شہداء، غازیوں اور ان کے اہلِ خانہ کو خراج عقیدت

### 6 ستمبر 1965 کو ہماری مسلح افواج اور پاکستانی قوم نے جس اتحاد اور جذبہ ایمانی کا مظاہرہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے یوم دفاع کے موقع پر پاکستان کی مسلح افواج کے شہداء، غازیوں اور ان کے اہلِ خانہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 6 ستمبر 1965 کو ہماری مسلح افواج اور پاکستانی قوم نے جس اتحاد اور جذبہ ایمانی کا مظاہرہ کیا، وہ ہماری اجتماعی قوت کا مظہر ہے، آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی نے ہماری عسکری تاریخ میں ایک اور سنہری باب رقم کیا، پاکستان خطے میں امن و سلامتی کے (بقیہ 4 4 صفحہ 3پر)

## نااہل حکمرانوں کی جبر وظلم کی استحصالی اقدامات نے

### چھوٹے صوبوں کو مسائلستان بنادیا، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر مرکزہ نائب امیر مولانا عبدالروف (بقیہ 7 2 صفحہ 3پر)

## سرائیکی صوبے پر پی پی کا نرم توشہ، انتظامی یونٹ پر سندھو دیش کی بات شروع ہو جاتی، خواجہ آصف

### میرے خیال میں اس کے پیچھے کچھ اور ہے، مناسب وقت پر اپنے خدشات کی وضاحت کریں گے، بیان

اسلام آباد/سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پنجاب میں سرائیکی صوبے کی بات ہوتی ہے تو پیپلز پارٹی اسکی حمایت کرتی ہے یا نرم گوشہ ظاہر کرتی ہے مگر جب انتظامی یونٹس کی بات ہوتی ہے تو سندھو دیش کی بات شروع ہو جاتی ہے۔سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی دورخی پالیسی کے پیچھے کچھ اور دیکھتا ہوں، وقت آنے پر تشریح کردوں گا۔انہوں نے کہا کہ اختیارات کی منتقلی 18ویں ترمیم کے ذریعے طے ہوئی مگر عمل نہیں ہوا، موجودہ نظام کو اختیارات کے ارتکاز نے متروک بنادیا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ صوبے یا انتظامی یونٹ جو مرضی لیبل لگالیں، اختیارات کی منتقلی ناگزیر ہے۔انہوں نے پارٹی کے اس متضاد مؤقف کی وجہ پر سوال اٹھاتے (بقیہ 3 4 صفحہ 3پر)

## یوم دفاع وشہداء، ہماری قومی تاریخ کی قربانیوں اور جذبہ حب الوطنی کی علامت ہے، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر و رکن بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے 6 ستمبر یوم دفاع وشہداء کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں وطن عزیز کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء، غازیوں اور پاک افواج کے بہادر (بقیہ 2 2 صفحہ 3پر)

## نظام کو ری سیٹ کرنے اور انتظامی ڈھانچے کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے، وزیر داخلہ محسن نقوی

### پاکستان کے مسائل کا حل سیاسی ہے، مقامی سطح پر اختیارات کی منتقلی ناگزیر ہے، سابق صوبائی وزیر ابراہیم مراد

لاہور (این این آئی) پاکستان پولیٹیکل سائنس کنسورشیم کے زیر اہتمام ''پاکستان میں اختیارات کی منتقلی اور بہتر طرزِ حکمرانی'' کے موضوع پر نیشنل پالیسی ڈائیلاگ یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی میں منعقد ہوا جس میں وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول سید محسن رضا نقوی نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی، جبکہ سابق صوبائی وزیر و پاکستان پولیٹیکل سائنس کنسورشیم کے سرپرست ابراہیم حسن مراد، سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی، سابق وفاقی (بقیہ 2 3 صفحہ 3پر)

## کوئٹہ میں گرانفروشی پر کارروائی کرتے ہوئے 3 افراد کو گرفتار کرلیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پنجپائی عبدالقیوم نے خروٹ آباد اور خیزی چوک کے علاقوں میں پرائس کنٹرول کے حوالے سے کارروائی کی۔

## بجلی کی شدید لوڈشیڈنگ کے باوجود آئی پی پیز کو کپیسٹی پیمنٹس کی مد میں اربوں روپے کی ادائیگیاں

### حکومت نے اپریل سے جون کے دوران 105 آئی پی پیز کو مجموعی طور پر 472 ارب روپے ادا کیے

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں بجلی کی شدید لوڈشیڈنگ کے باوجود آئی پی پیز کو کپیسٹی پیمنٹس کی مد میں اربوں روپے کی ادائیگیاں جاری ہیں۔دستاویز کے مطابق حکومت نے اپریل سے جون کے دوران 105 آئی پی پیز کو مجموعی طور پر 472 ارب روپے ادا کیے، یہ رقم ملک بھر کے بجلی صارفین سے بلوں کی صورت میں وصول کی گئی۔دستاویز کے مطابق کپیسٹی پیمنٹس کی مد میں چائنا فیول انرجی کو 30 ارب 81 کروڑ روپے، شنگھائی انرجی کو (بقیہ 8 2 صفحہ 3پر)

## جب تک اختیارات نچلی سطح تک منتقل نہیں کیے جاتے، عوامی مسائل کا پائیدار حل ممکن نہیں، احسن اقبال

### پندرہ برسوں کے دوران پاکستان کے بیشتر سماجی اور انسانی وسائل کے اشاریے مسلسل تنزلی کا شکار ہیں جن میں نمایاں بہتری کے بغیر ہماری ترقی کے اہداف حاصل نہیں ہو سکتے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ جب تک اختیارات نچلی سطح تک منتقل نہیں کیے جاتے، عوامی مسائل کا پائیدار حل ممکن نہیں، پندرہ برسوں کے دوران پاکستان کے بیشتر سماجی اور انسانی وسائل کے اشاریے مسلسل تنزلی کا شکار ہیں جن میں نمایاں بہتری کے بغیر ہماری ترقی کے اہداف حاصل نہیں ہو سکتے۔ وزارت منصوبہ بندی کی جانب سے جاری وضاحتی بیان میں وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ گزشتہ پندرہ برسوں کے دوران پاکستان کے بیشتر سماجی اور انسانی وسائل کے اشاریے مسلسل تنزلی کا شکار ہیں جن میں نمایاں بہتری کے بغیر ہماری ترقی کے اہداف حاصل نہیں ہو سکتے، ہماری سماجی شعبہ میں ناقص کارکردگی کی بڑی وجہ 18ویں ترمیم کے بعد بچلی (بقیہ 2 4 صفحہ 3پر)

## بلوچستان اسمبلی اجلاس، وزیراعلیٰ کا دہشتگردوں کیخلاف کارروائی کا عندیہ

### سیاسی رہنما سیاسی سکورنگ کے لیے میرے بیان کو استعمال کرتے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس سپیکر عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں ہوا، اجلاس میں زیارت واقعے میں شہید سکیورٹی اہلکاروں کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔اجلاس میں اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے چند روز قبل مستونگ میں باغات کاٹنے کے حوالے سے بیان دیا تھا، وزیراعلیٰ اپنے بیان کے حوالے سے وضاحت دیں۔وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ مستونگ کے علاقے میں دہشت گردوں نے سکیورٹی فورسز (بقیہ 2 1 صفحہ 3پر)

## بغیر کابینہ یا پارٹی فیصلے کے وفاقی وزرا کا مزید صوبوں کا بیان قابلِ مذمت ہے، رضا ربانی

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ وفاقی وزرا کا بغیر کابینہ یا پارٹی فیصلے کے ملک میں مزید صوبوں، انتظامی اکائیوں کے بارے میں بیان، قابلِ مذمت ہے۔

## آزاد جموں وکشمیر کابینہ کے اراکین کو محکموں کے قلمدان تفویض

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر کابینہ میں شامل اراکین کو محکموں کے قلمدان تفویض کر دیے گئے، محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

## اسحٰق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، بچلی کے شعبے میں اصلاحات اور نجکاری کے ایجنڈے پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ہفتہ کو یہاں بجلی کے شعبے میں مجوزہ اصلاحات کا جائزہ لینے کے لیے وزیراعظم کی جانب سے تشکیل دی گئی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ نائب وزیراعظم کے آفس سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں بجلی کے شعبے میں اصلاحات (بقیہ 16 صفحہ 3پر)

## یوم دفاع قومی غیرت، اتحاد اور وطن سے وفاداری کے عہد کی تجدید کا دن ہے: قائم مقام چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ناقابلِ فراموش دن ہے، جو شہداء کی عظیم قربانیوں، (بقیہ 14 صفحہ 3پر)

## چاغی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے قبائلی رہنما جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) چاغی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے قبائلی رہنما جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کو چاغی بازار میں نامعلوم افراد نے ایک دکان (بقیہ 15 صفحہ 3پر)

## نکانہ صاحب، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف پولیس کی کارروائیاں، 17 ڈکیت گینگز کے 64 ملزمان گرفتار

نکانہ صاحب (این این آئی) نکانہ صاحب میں ضلعی پولیس نے گزشتہ ماہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے دوران 17 ڈکیت گینگز کے 64 خطرناک ملزمان کو گرفتار کرکے ایک کروڑ 56 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی نقدی اور مالِ مسروقہ برآمد کرلیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق منشیات فروشی کے خلاف 62 مقدمات درج کیے گئے جبکہ 73 کلو سے زائد منشیات اور 860 لیٹر شراب برآمد کی گئی۔

## فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے سیلز ٹیکس رولز 2006 میں مزید ترامیم کردیں

### نئی ترمیم کے تحت غیر کلیئر یا غیر تصدیق شدہ رقم کو مزید چار مرتبہ جانچ سے گزارا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے غیر کلیئر یا غیر تصدیق شدہ رقم کی مزید چار بار جانچ کا فیصلہ کیا ہے جس کیلئے سیلز ٹیکس رولز 2006 میں مزید ترامیم کردی ہیں۔فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کی دفعہ 50 کے تحت سیلز ٹیکس رولز میں ترامیم کی گئی ہیں۔ترمیم کے تحت رول 29 کے ذیلی قاعدہ (2) میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ ابتدائی جانچ سمیت آٹھ بار کی توثیقی جانچ کے بعد جو رقم (بقیہ 2 0 صفحہ 3پر)



استا محمد، ڈپٹی کمشنر استا محمد زیر تعمیر ڈینٹل سیکشن کا جائزہ لے رہے ہیں

## وقت آ گیا ہے جمہوریت کے ثمرات عوام تک پہنچائے جائیں، خالد مقبول صدیقی

### کسانوں کی نمائندگی جاگیردار اور مزدوروں کی نمائندگی سرمایہ دار کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سربراہ خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان میں مکمل جمہوریت نہیں بلکہ جاگیردارانہ جمہوریت ہے، کسانوں کی نمائندگی جاگیردار اور مزدوروں کی نمائندگی سرمایہ دار کر رہے ہیں، نظام ناکام نہیں ہوا بلکہ جاگیردارانہ نظام ناکام ہوا ہے جو دنیا کے کئی حصوں میں ختم ہو چکا مگر پاکستان میں اب بھی موجود ہے۔ نئے نظام اور صوبوں کی تشکیل پر مکالمے سے خطاب کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ (بقیہ 2 4 صفحہ 3پر)

## آئین پامال کر کے جتنے مرضی چھوٹے صوبے بنالیں کوئی فائدہ نہیں، خواجہ سعد رفیق

### پہلے سیاسی جماعتوں میں جمہوریت لائی جائے، پھر نئے صوبوں کی بات کی جائے، سینئر رہنما (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ ریاستی رٹ قائم کرتے کرتے شہریوں کی رٹ ختم نہ کریں، پہلے منتخب پارلیمنٹ بنائیں، پھر چھوٹے صوبے بنائیں، آئین کی پامالی کی صورتحال میں جتنے مرضی چھوٹے صوبے بنالیں کوئی فائدہ نہیں۔لاہور میں نئے صوبوں کی تشکیل پر نیشنل پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ پہلے سیاسی جماعتوں میں جمہوریت لائی جائے، پھر نئے صوبوں کی بات (بقیہ 25 صفحہ 3پر)

## بڈگام، بھارتی فورسز کا تلاشی آپریشن دوسرے روز بھی جاری، گزشتہ روز ایک نوجوان شہید کیا گیا تھا

## کپواڑہ، راجوری اضلاع میں بھارتی حکام کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف مظاہرے

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز نے ضلع بڈگام کے علاقے یوسمرگ میں آج دوسرے روز بھی محاصرے اور تلاشی کی کارروائی جاری رکھی۔ قابض بھارتی فورسز نے گزشتہ روز نے گزشتہ روز ایک نوجوان کو شہید کیا تھا۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یوسمرگ اشدر گلی میں جاری آپریشن میں بھارتی فوج، سینٹرل ریزرو پولیس فورس اور پولیس اہلکار حصہ لے رہے ہیں۔

## پی آئی اے کی نجکاری کیخلاف کیس میں وفاق اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری

### ہائی کورٹ کی فریقین کو دو ہفتوں کے اندر رپورٹ اور پیرا وائز کمنٹس جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پی آئی اے کی نجکاری کیخلاف کیس میں وفاق اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔عدالت نے فریقین کو دو ہفتوں کے اندر رپورٹ اور پیرا وائز کمنٹس جمع کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے تحریری دلائل ریکارڈ پر لانے سے متعلق متفرق درخواست بھی منظور کرلی، جسٹس ارباب محمد طاہر نے سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کیا۔پیپلز پوٹی نے پی آئی اے کی 23 دسمبر 2025 کی بولی اور عارف حبیب (بقیہ 8 1 صفحہ 3پر)

## محکمہ جنگلات میں خالی آسامیاں پر پیپے دیکر تعینا تیاں ہورہی ہیں، انکوائری کرائی جائے، نور محمد دمڑ

## وزیراعلیٰ کی درخواست پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے اپوزیشن لیڈر کی سربراہی میں کمیٹی قائم

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ نے الزام عائد کیا ہے کہ محکمہ جنگلات میں خالی آسامیاں پر پیپے دیکر تعینا تیاں ہورہی ہیں، انکوائری کرائی جائے، میں تمام ثبوت پیش کروں گا، وزیراعلیٰ کی درخواست پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے اپوزیشن لیڈر کی سربراہی میں کمیٹی بنادی جو دس روز میں تحقیقات رپورٹ پیش کرے گی ،وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ اگر پوسٹیں فروخت ہونے کا الزام درست ثابت ہوا تو متعلقہ وزیر اور سیکرٹری اپنے عہدے پر نہیں رہیں گے۔

## بڈگام، بھارتی فورسز کا تلاشی آپریشن دوسرے روز بھی جاری، گزشتہ روز ایک نوجوان شہید کیا گیا تھا

## کپواڑہ، راجوری اضلاع میں بھارتی حکام کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف مظاہرے

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز نے ضلع بڈگام کے علاقے یوسمرگ اشدر گلی میں جاری آپریشن میں بھارتی فوج، سینٹرل ریزرو پولیس فورس اور تلاشی کی کارروائی جاری رکھی۔ قابض بھارتی فورسز نے گزشتہ روز ایک نوجوان شہید کیا تھا۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یوسمرگ اشدر گلی میں جاری آپریشن کے دوران ایک نوجوان کو شہید کیا گیا تھا۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یوسمرگ میں آپریشن کے دوران ایک نوجوان کو شہید کیا گیا تھا۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یوسمرگ اشدر گلی میں جاری آپریشن میں بھارتی فوج، سینٹرل ریزرو پولیس فورس اور پولیس اہلکار حصہ لے رہے ہیں۔

## 10

## پی ٹی آئی کی اسٹریٹ موبلائزیشن کا تیسرا روز، قافلہ نوشہرہ وفیروز، نوابشاہ، سانگھڑ، میرپورخاص اور عمرکوٹ پہنچا، 27 ستمبر کو پورا پاکستان حقوق کے لیے نکلے گا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل خان آفریدی کا پانچ روزہ دورہ سندھ تیسرے روز بھی جاری رہا، ان کی قیادت میں پاکستان تحریک انصاف کی اسٹریٹ موبلائزیشن اور عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں قافلہ نوشہرہ وفیروز سے نوابشاہ، سانگھڑ، میرپورخاص اور عمرکوٹ پہنچا۔قافلے میں پی ٹی آئی کے مرکزی، صوبائی اور سندھ کے رہنما جن میں سیکریٹری جنرل بیرسٹر سلمان اکرم راجہ، صدر پی ٹی آئی سندھ حلیم عادل شیخ، صدر پی ٹی آئی خیبر پختونخوا جنید اکبر، مینا خان آفریدی، تنفیع جان، عامر ڈوگر، عادل بازئی، ڈاکٹر مسرور سیال اور مشتاق جونیجو سمیت دیگر رہنما شامل تھے۔نوابشاہ میں اسٹریٹ موومنٹ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل خان آفریدی (بقیہ 4 7 صفحہ 3پر)

## بھارت، بی جے پی حکومت نے سہارنپور میں کلکٹریٹ کمپلیکس کے اندر واقع مسجد کو منہدم کردیا

### اسدالدین اویسی سمیت مختلف سیاسی رہنماؤں کی مسجد کو منہدم کرنے کی شدید مذمت

سہارنپور (این این آئی) بی جے پی کے زیر اقتدار بھارتی ریاست اتر پردیش کے ضلع سہارنپور میں کلکٹریٹ کمپلیکس کے اندر واقع مسجد کو ہفتے کی صبح پانچ بجے منہدم کردیا گیا۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حیدرآباد شہر سے بھارتی پارلیمنٹ کے رکن اور مجلس اتحاد المسلمین کے صدر اسدالدین اویسی نے ایکس پر ایک پوسٹ میں سوال اٹھایا کہ کیا مسلمانوں کے لیے مذہبی آزادی کا آئینی حق ختم ہو گیا ہے؟ گھٹیا اور من گھڑت بہانوں کی بنیاد پر ہماری عبادت گاہوں کے خلاف بار بار بلڈوزر کیوں استعمال کیے جاتے ہیں؟ اسدالدین اویسی نے مسجد کمیٹی کے (بقیہ 13 صفحہ 3پر)

## اسحاق ڈار سے جنیوا میں اقوام متحدہ کیلئے پاکستان کے مستقل نمائندے طاہر حسین اندرابی کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے جنیوا میں اقوام متحدہ کے لیے پاکستان کے مستقل نمائندے طاہر حسین اندرابی نے یہاں ملاقات کی۔ ہفتہ کو دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم نے وزارتِ خارجہ میں طاہر حسین اندرابی کی نمایاں خدمات کو سراہا بالخصوص ترجمانِ دفترِ خارجہ (بقیہ 7 1 صفحہ 3پر)




اسلام آباد، قائم مقام چیئرمین سینیٹ، سیدال خان پاکستان نیشنل کونسل آف الاسلام آباد میں مہمان خصوصی کے طور پر دوسری بین الاقوامی سیرت کانفرنس کے سیشن سے خطاب کررہے ہیں

## ایران خطے میں مشترکہ کیلئے خدشات کی تجویز کی مکمل حمایت کرتا ہے

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے (بقیہ 4 6 صفحہ 3پر)

## لوگ زکوۃ کا ڈھائی فیصد پوری دیانت داری سے دیں تو حکومتی بجٹ سے 3 گنا زیادہ رقم جمع ہوسکتی ہے، ڈاکٹر امجد ثاقب

### خیرات کا مقصد کسی کو مستقل محتاج بنانا نہیں، عزت نفس کو محفوظ رکھتے ہوئے اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا ہونا چاہیے، چیئرمین اخوت فاؤنڈیشن

لاہور (این این آئی) اخوت فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر امجد ثاقب نے کہا ہے کہ مستحق شخص کو تلاش کرنے کے لیے بھی اتنی ہی محنت کرنی چاہیے جتنی انسان دولت کمانے کے لیے کرتا ہے کیونکہ خیرات وعطیات دینے سے پہلے حقدار کو ڈھونڈنا نہایت ضروری ہے۔عالمی یوم خیرات کے موقع پر انٹرویو میں گفتگو کے دوران انہوں نے کہا کہ دنیا نے خیرات کو منانے کے لیے ایک دن مقرر کیا ہے لیکن خیرات کو صرف ایک دن تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ (بقیہ 9 1 صفحہ 3پر)

## پی ٹی آئی کے احتجاجی پلان سے قبل قومی اسمبلی کا اجلاس بلانے کی تیاری شروع

### حکومت کو 21 ستمبر کو قومی اسمبلی اجلاس طلب کرنے کی تجویز دے دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے احتجاجی پلان سے قبل قومی اسمبلی کا اجلاس بلانے کی تیاری شروع کردی گئی، حکومت کو 21 ستمبر کو قومی اسمبلی اجلاس طلب کرنے کی تجویز دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق حکومت کی رائے ہے کہ 27 ستمبر کو پی ٹی آئی کے ممکنہ احتجاج کے دوران پارلیمنٹ کا سیشن جاری رہنا چاہئے، احتجاج کے دوران اسمبلی اجلاس کے باعث پی ٹی آئی کی توجہ تقسیم ہوگی۔قومی اسمبلی اجلاس کے ایجنڈے کی تیاری بھی جلد شروع کیے جانے کا امکان ہے۔

## انٹرنیشنل ٹریولرز ویکسینیشن سینٹر کا افتتاح، بیرون ملک سفر کیلئے ویکسی نیشن لازمی قرار

### گردن توڑ بخار کی ویکسین کا سرٹیفکیٹ مسافروں کے پاس ہونا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) بیرون ملک سفر کرنے والوں کے لیے ویکسی نیشن لازمی قرار دیدی گئی۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے انٹرنیشنل ٹریولرز ویکسینیشن سینٹر کا افتتاح کردیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک سے باہر سے آنے والے اور جانے والے افراد حفاظتی ٹیکے لگوائیں، گردن توڑ بخار کی ویکسین کا سرٹیفکیٹ مسافروں کے پاس ہونا چاہیے۔

## بجلی کی شدید لوڈشیڈنگ کے باوجود آئی پی پیز کو کپیسٹی پیمنٹس کی مد میں اربوں روپے کی ادائیگیاں

### حکومت نے اپریل سے جون کے دوران 105 آئی پی پیز کو مجموعی طور پر 472 ارب روپے ادا کیے

لاہور (این این آئی) ملک میں بجلی کی شدید لوڈشیڈنگ کے باوجود آئی پی پیز کو کپیسٹی پیمنٹس کی مد میں اربوں روپے کی ادائیگیاں جاری ہیں۔دستاویز کے مطابق حکومت نے اپریل سے جون کے دوران 105 آئی پی پیز کو مجموعی طور پر 472 ارب روپے ادا کیے، یہ رقم ملک بھر کے بجلی صارفین سے بلوں کی صورت میں وصول کی گئی۔

## پی ایم اینڈ ڈی سی کا ہاس آفیسرز کے لیے فائر سیفٹی ٹریننگ لازمی کرنے کا فیصلہ

### یہ ٹریننگ ہاؤس جاب کا لازمی حصہ ہوگی، جس میں ایمرجنسی کے دوران مریضوں کے محفوظ انخلا کی تربیت دی جائے گی، ڈاکٹر رضوان

اسلام آباد (این این آئی) پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے واقعے میں 14 معصوم بچوں کے لقمہ اجل بننے کے بعد پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے ہاؤس آفیسرز کے لیے فائر سیفٹی ٹریننگ کو لازمی قرار دینے کا فیصلہ کرلیا۔ پی ایم ڈی سی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر رضوان تاج کے مطابق یہ ٹریننگ اب ہاؤس جاب کا لازمی حصہ ہوگی۔

## ملک کے شمال میں گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے اور اچانک سیلاب کا خطرہ بڑھ رہا ہے، محمد عبدالقادر

### حکومت ہنگامی تیاریوں پر خصوصی توجہ دے، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ نیپال میں گلیشیئر پھٹنے سے ہونے والی تباہی پورے ہمالیائی خطے کے لیے ایک سنگین انتباہ ہے۔

## بلوچستان سے اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس 2 روز کیلئے معطل کردی گئی

### ٹرین سروس کی معطلی اور جیکب آباد تک محدود کرنے سے کوئٹہ آنے اور جانے والے مسافروں کو مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سے اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس 2 روز کیلئے معطل کردی گئی ہے۔ریلوے حکام کے مطابق کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر (بقیہ 3 0 صفحہ 3پر)



قومی پرچم تھامے شرکاء کا پاکستان زندہ داور پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے اظہار یکجہتی

